Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

QUR'AN · SOLUTIONS TO YOUR PROBLEMS

Safe from Oppressor

ظلم سے نجات

وَلِلّٰهِ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى فَادْعُوْهُ بِهَا۔۔۔

WALILLAAHI AL-ASMAA'U AL-HUSNAA FAD'OOHU BIHAA...

And Allah's are the best names, therefore call on Him thereby...

اور اللہ ہی کے لئے بہترین نام ہیں لہذا اسے ان ہی کے ذریعہ پکارو۔۔۔

> If any person wishes to get rid of the enemy must recite this zikr 166 times daily for 7 days, inshallah he will succeed. But remember that this ritual (amal) should start on Thursday...

> اگر کوئی شخص چاہتا ہو کہ وہ دشمن سے نجات پالے تو اس کو چاہیئے کہ ایک ہفتہ تک روزانہ 166 مرتبہ اس ذکر کا ورد کیا کرے تو انشاء اللہ تعالی اپنے مقصد میں کامیاب رہے گا۔ لیکن یاد رہے کہ اس عمل کی ابتدا جمعرات کے روز سے کرنا ہے۔۔۔

حَسْبِیَ اللّٰہُ

HASBIYA ALLAAH

Allah is sufficient for me. / Allah is enough for me.

اللہ میرے لیے کافی ہے۔ اللہ ہی میرا سہارا ہے۔

> Reciting YAA AWWALO 43 times daily will be the cause of getting freedom from the enemy.

> ہر روز 43 مرتبہ ''یَا اَوَّلُ'' کا ورد کرنا دشمن سے نجات کا باعث بنتا ہے۔

> Reciting YAA AAKHE-RO 801 times is tried and tested to be safe from the powerful enemy.

> 801 مرتبہ ''یَا اٰخِرُ'' کا ورد طاقتور دشمن سے نجات کے لئے مجرب ہے۔

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

If a person has oppressed someone and after repentance and seeking forgiveness want satisfaction and tranquility to his heart should recite YAA RAOO-FO 200 times after namaz'e subh on Friday.

اگر کوئی شخص کسی پر ظلم و ستم کرچکا ہو اور اب توبہ استغفار کے بعد دل کو اطمینان و سکون دینا چاہتا ہو تو جمعہ کے روز نماز صبح کے بعد 200 مرتبہ ''یَا رَؤُوفُ'' کا ورد کرے۔

Recitation of YAA KHAAFE-ZO 70000 times is for the protection from oppressors and the dictators.

''یَاخَافِضُ'' کا 70000 بار ورد کرنا ظالموں اور ستمگروں سے محافظت کا باعث ہے۔

Reciting YAA MUMEE-TO 1001 times during the last nights of the lunar month will be the cause for safety from the destruction of cruel person.

اسلامی مہینے کی آخری راتوں میں ''یَا مُمِیتُ'' کا 1001 مرتبہ ورد کرنا جبار و ستمگر کی ہلاکت کا باعث بنتا ہے۔

It is reported from Imam Reza (a), that seeking through the means of YAA JABBAA-RO helps to be safe from the oppression of the oppressor.

حضرت امام رضاؑ سے منقول ہے کہ ''یَا جَبَّارُ'' کے وسیلے سے ظالم کے ظلم سے محفوظ رہا جاسکتا ہے۔

The reciter of YAA JABBAA-RO 21 times daily will be safe from the oppression of the oppressor.

روزانہ 21 مرتبہ ''یَا جَبَّارُ'' کا ورد کرنے والا ظالم کے ہر ظلم سے محفوظ ہوگا۔

To be safe from Jinn, Shaitaan and from the oppression of the oppressor, reciting YAA JABBAA-RO 206 times during daytime is very much beneficial.

جنوں، شیاطین اور ظالموں کے ظلم سے تحفظ کے لئے دن کے وقت 206 مرتبہ ''یَا جَبَّارُ'' کا ورد انتہائی مفید ہے۔

For protection from the evil of the oppressor, reciting this zikr 621 times during daytime is beneficial...

ظالموں کے شر سے تحفظ کے لئے دن کے وقت 621 مرتبہ اس ذکر کا ورد مفید ہے۔۔۔

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

يَا قَاصِمَ كُلِّ جَبَّارٍ

YAA QAASIMA KULLI JABBAAR

O Breaker (Crusher) of every tyrant.

اے ہر ظالم و جابر کو توڑ دینے والے ! اے ہر سرکش کو پست کرنے والے !

Recitation of YAA KHAAFE-ZO 70000 times is for the protection from oppressors and the dictators.

''یَاخَافِضُ'' کا 70000 بار ورد کرنا ظالموں اور ستمگروں سے محافظت کا باعث ہے۔

It has been reported from Imam Reza (a) that to get free from the captivity of the oppressor reciting YAA RAOO-FO 10 times is beneficial.

حضرت امام رضاؑ سے منقول ہے کہ ظالم کی قید سے آزادی کے لئے 10 مرتبہ ''یَا رَؤُوْفُ'' کا ورد فائدہ مند ہے۔

It has been reported from Imam Reza (a) that if any person wants to free the oppressed and helpless from the prison of the oppressor then he should recite YAA RAOO-FO 10 times in front of the oppressor then the recommendation will be accepted and will be freed.

حضرت امام رضاؑ سے ہی منقول ہے کہ جو شخص مظلوم وبیچارہ کو ظالم کی قید سے رہائی دلانا چاہے تو وہ اس ظالم کے سامنے 10 مرتبہ ''یَا رَؤُوْفُ'' کا ورد کرے تو مظلوم کے بارے میں اس کی سفارش قبول ہوگی اور اسے آزاد کردیا جائے گا۔

Any person who recites this zikr frequently and goes in front of any oppressor that oppressor will be humiliated and dishonoured...

جو شخص اس ذکر کا بہت زیادہ ورد کیا کرے تو جس ظالم کے بھی سامنے جائے گا وہ ظالم ذلیل ورسوا ہوگا۔۔۔

يَا حَلِيْمُ يَا رَؤُوْفُ يَا مَنَّانُ

YAA HALEEMU YAA RA'OOFU YAA MANNAAN

O Most Forbearing, O Most Kind / Compassionate, O Bestower of abundant blessings.

اے بہت بردبار ! اے بہت مہربان ! اے بہت زیادہ عطا کرنے والے !

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

If a person wants, that his neighbour should not trouble and oppose him, or tyrant ruler should be dismissed should after namaz'e Juma recite YAA RAOO-FO 200 times and blow on sweet thing or water and should keep in mug made of mud, keeping the person in mind should drink from that mug inshallah his purpose will be solved.

جو شخص چاہتا ہو کہ اس کا ہمسایہ اس کو ایذا دینے اور مخالفت کرنے سے باز آجائے یا ظالم حکمران معزول ہوجائے تو اس کو چاہئے کہ نماز جمعہ کے بعد 200 مرتبہ ''یَا رَؤُوْفُ'' کو شیرینی یا پانی پر دم کرے اور اس کو مٹی کے کوزے میں رکھے اور اس شخص کو تصور میں رکھ کر اس کوزے سے پانی پی لے تو مقصود بہت جلد حاصل ہوگا۔

If YAA BADEE'O is written on a deer skin with musk, saffron and rose on 9th, 18th and 27th of every month and keep oneself and see it will be safe from hunger, poverty, from the oppression of oppressor and bad character while sleeping if kept under the pillow will see true dreams and will be safe from horror dreams.

اگر ''یَا بَدِیْعُ'' کو ہرن کی کھال پر مشک و زعفران اور گلاب سے ہر ماہ کی 9، 18، 27 تاریخ کو لکھ کر اپنے پاس رکھے اور دیکھا کرے تو بھوک، افلاس، ظالموں کے ظلم اور برے اخلاق سے محفوظ رہے گا اور اس کو سوتے وقت اپنے تکیے کے نیچے رکھے تو ہمیشہ سچے خواب دیکھے گا اور ڈرائونے خوابوں سے امان میں رہے گا۔

To stop the oppression of oppressor and to get help from Allah (swt) reciting this zikr 1481 times at night is beneficial...

ظالم کے ظلم کو روکنے اور اللہ تعالیٰ کی مدد حاصل کرنے کے لئے رات کے وقت 1481 مرتبہ اس ذکر کا ورد مفید ہے۔۔۔

يَا نَاصِرَ الْمَظْلُوْمِيْنَ

YAA NAASIRA AL-MAZLOOMEEN

O Helper / Supporter of the oppressed.

اے مظلوموں کے مددگار! اے ظلم سہنے والوں کی نصرت کرنے والے!

Free to read, copy and share

> For safety from the oppression of the oppressor and acceptance of dua reciting this zikr during daytime is more beneficial...

> ظالم کے ظلم سے تحفظ کے لئے اور قبولیت دعا کے لئے دن کے وقت زیادہ سے زیادہ اس ذکر کا ورد بہت فائدہ مند ہے۔۔۔

يَا مُغِيْثَ كُلِّ مَظْلُوْمٍ

YAA MUGHEETHA KULLI MAZLOOM

O Rescuer (Reliever) of every oppressed one. (O One who comes to help in distress.)

اے ہر مظلوم کے فریاد رس ! اے ہر پریشان حال کی مدد کرنے والے !

> Safe from Oppressor (https://fzic.org/library/quran/safe-from-oppressor-1955)

> ظالم کے شر سے محفوظ (https://fzic.org/library/quran/safe-from-oppressor-1955)

> Sahifa-e-Sajjadiya-14 (https://fzic.org/library/dua/14-safety-from-oppressors-1340)

> صحیفۂ سجادیہ دعا - ۱۴ (https://fzic.org/library/dua/14-safety-from-oppressors-1340)

Printed from https://fzic.org/library/quran/safe-from-oppressor-3938 — the devotional library of the Fatima Zahra Imamia Centre, 80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305. Free to read, copy and share.